Nestlé
Good Food, Good Life

پریس ریلیز

پارلیمینٹیرینز نے نیسلے ۔ BISP رورل سیلز پروگرام کا دورہ کیا

اسلام آباد(22 دسمبر، 2018ء):نیسلے پاکستان نے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کے تعاون سے، پنڈی بھٹیاں میں اپنے دیہی سیلز پروگرام میں سرفہرست پارلیمانی خواتین نمائندوں کے دورے کا اہتمام کیا۔ان میں کنول شازب، ایم این اے اور پارلیمانی سیکریٹری برائے منسٹری آف پلاننگ اور ظل ہما، ایم این اے شامل تھیں۔

پارلیمنٹ کی ارکان نے پنڈی بھٹیاں کا دورہ کیا جہاں تقریباً 70 افراد BISP کے پروگرام سے مستفید ہوتے ہوئے نیسلے کے دیہی سیلز ایجنٹ بن گئے ہیں۔ان مستفید افراد نے پنڈی بھٹیاں کے علاقے میں تقریباً 8ملین روپے کی مجموعی فروخت میں حصہ لیا۔

پارلیمنٹ کی اراکین نے پنڈی بھٹیاں میں BISP سے مستفید ہونے والی خواتین کی دیہی سیلز کی دکانوں کا دورہ کیا۔ یہ خواتین سیلز کی سخت تربیت حاصل کرنے کے بعد نیسلے کی مصنوعات براہ راست فروخت کرتی ہیں۔اس پروگرام کا ایک اور اہم پہلو نیسلے ۔ BISP رورل سیلز پروگرام ہے جس میں BISP سے مستفید ہونے والی خواتین پر یہ پروگرام اپنی توجہ مرکوز کرتا ہے کہ ان کو غربت سے باہر نکالا جاسکے۔ یہ پروگرام 'پبلک پرائیوٹ پارٹنرشپ (PPP) پرمبنی ہے جس میں پاکستان کی دیہی خواتین کے چند اہم مسائل کے پائیدار حل فراہم کرنے پر توجہ مرکوز کرتا ہے، جیسے غذائیت کی کمی، مالی اخراجات اور روزگار کے مواقع کی کمی۔تبدیلی کے اس تعاون نے BISP سے مستفید ہونے والی خواتین کو اپنے اور اپنے خاندانوں کے لئے باوقار معاوضہ حاصل کرنے میں مدد دی ہے۔ BISP سے مستفید ہونے والی 400 سے زائد خواتین کو پنجاب اور سندھ کے 12 اضلاع میں دیہی سیلز ایجنٹوں کے طور پر داخلہ دیا گیا ہے۔فروخت کی سخت تربیت کے علاوہ، ان خواتین نے غذائیت کے بارے میں آگاہی کی نشستوں میں بھی حصہ لیا ہے، جو خاص طور پر ان ہی دیہی خواتین کے لئے وضع کی جاتی ہیں، ان نشستوں نے ان خواتین کو اپنے اور اپنے خاندانوں کو صحت مند طرز زندگی کے انتخاب میں مدد فراہم کی ہے۔

پلاننگ منسٹری کی پارلیمنٹری سیکریٹری اور ایم این اے کنول شازب نے اس موقع پر کہا:''پرائم منسٹر عمران خان کا فرسٹ ایجنڈا ملک میں غربت کا خاتمہ، خواتین اور بچوں کی نشوونما اور تعلیم کا فروغ ہے۔ہم نے ان تمام عوامل کا خیال اپنے 12th پنج سالہ منصوبے میں بھی رکھا ہے۔ہم نے آج کی عورت کو مضبوط بنانا ہے، اور ان کو ایسے وسائل پیدا کرنے ہیں تاکہ وہ خودمختار ہوسکیں۔سب سے پہلے انسانی ترقی، باقی سب بعد میں۔آج کی عورت اگر مضبوط ہوگی تو آنے والی نسلیں مضبوط ہوں گی۔''

خواتین کو خودمختار بنانے پر زور دیتے ہوئے ایم این اے ظل ہما نے اس موقع پر کہا:''یہاں آکر مجھے خواتین کے معاشی حالات میں بہتری کی امید ہوئی ہے۔خودمختاری کی طرف یہ ان خواتین کا پہلا قدم ہے اور آگے جا کر یہ اپنی زندگی کو مزید بہتر بنائیں گی۔اپنے ہاتھ سے کمانا اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے، کہ آپکو اپنے گھر میں عزت اور وقار کے ساتھ روزگار میسر ہے، اور آپ اس کے لئے خوب سے خوب تر کی کوشش کرسکتی ہیں۔''

نیسلے کے کارپوریٹ افیئرز کے سربراہ وقار احمد، نے مذکورہ تعاون کی اہمیت کو نمایاں کرتے ہوئے کہا:''ہم حکومتِ پاکستان اور BISP کے ساتھ اپنی شراکت داری کی قدر کرتے ہیں، UN کے پائیدار ترقیاتی اہداف (SDGs) نمبر 1 اور 5: عزم برائے غربت میں کمی اور صنفی مساوات سے ہماری یہ شراکت داری انتہائی متعلقہ ہے۔ہمارا مشترکہ مطمع نظر غربت کو کم کرنے اور معیشت کی ترقی کو فروغ دینے پر مرکوز ہے۔نیسلے ہمارے دیہی معاشرے سے مضبوط تعلق جوڑنے کے لئے اپنی مصنوعات تک زیادہ رسائی فراہم کرنے کے لئے بھی پرعزم ہے۔ ہماری مصنوعات میں دیگر اہم مائکرو نیوٹریئنٹس کے ساتھ ساتھ آئرن، زنک، وٹامن اے اور ڈی شامل ہیں۔اس پہلو کے ذریعے، ہم اپنی دیہی خواتین کو روزگار کے مواقع فراہم کرتے ہوئے، ان کی غذائی حیثیت کو بہتر بنانے اور ان کے اور ان کے خاندانوں کی زندگی کو بہتر اور بااختیار بنانے کی امید رکھتے ہیں۔''

☆☆☆اختتام☆☆☆

نیسلے پاکستان کا تعارف:

نیسلے پاکستان غذا اور مشروبات کی سب سے بڑی عالمی کمپنی ہے۔دنیا بھر کے 191 ممالک میں اس کی موجودگی ہے جہاں اس کے 328,000 ملازمین نیسلے کے مقصد، ایک صحت مند مستقبل کے لئے زندگی کے معیار کو بہتر بنانے کے لئے پُرعزم ہیں۔نیسلے اپنے صارفین کے لئے مختلف مصنوعات اور خدمات زندگی بھر کے لئے مہیا کرتی ہے۔

مزید معلومات کے لئے رابطہ کیجئے :

فاطمہ اختر
پبلک افیئرز منیجر (نارتھ)، نیسلے پاکستان
رابطہ نمبر: 0345 8552047
ای میل: FatimaAkhter.Ahma@pk.nestle.com